# دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

15 اکتوبر، 2019

پریس ریلیز

## جامعہ کے فیکلٹی آف ڈنٹسٹری کے طلبا کے لئے وائٹ کوٹ تقریب کا انعقاد کیا گیا

فیکلٹی آف ڈنٹسٹری، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈینٹل کلینک میں مریضوں کو جانچنے کا کام روایتی انداز میں شروع کرنے کے موقع پر آج ایک پرشکوہ تقریب کا انعقاد کیا۔ وائٹ کوٹ نام سے مشہور اس تقریب کی مہمان خصوصی جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر نجمہ اختر تھیں۔ ڈاکٹر دیویانی کھوبرا گڈے، آئی ایف ایس، جے ٹی، سکریٹری، وزارت خارجہ، جی او آئی، رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ اے پی صدیقی (آئی پی ایس) جیسی ہستیاں بھی اس موقع پر موجود تھیں۔

اس تقریب میں تیسرے سال انڈر گریجویٹ ڈنٹسٹری کے طلباء کے ذریعہ ڈینٹل کلینک میں مریضوں کی دیکھ بھال اور ایک ڈاکٹر کی حیثیت سے اپنی زندگی کا آغاز کرنے کے موقع پر ایک علامت کے طور پر 'سفید کوٹ' زیب تن کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر یہ طلباء روایتی انداز میں وائٹ کوٹ پہنتے ہیں اور اسی لئے اسے وائٹ کوٹ تقریب کے نام سے جانا جاتا ہے۔

اس موقع پر کئی اہم لیکچرز کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں ان طلباء کو کمیونی کیشن اسکل، اخلاقیات، مریضوں کے ساتھ ہمدردی سے لے کر صنفی مساوات اور وقار کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دی گئی۔

ڈاکٹر پونم لمبہ، ایم اے ایم سی، نئی دہلی میں مائکرو بایولوجی کے پروفیسر؛ ڈاکٹر اروندر سنگھ، لکھنؤ سے تعلق رکھنے والے کنسلٹنٹ آرتھوڈو ماہر اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پولیٹیکل سائنس کے پروفیسر ڈاکٹر بلبل دھر اس تقریب کے مہمانان گرامی میں شامل تھے۔

اس موقع پر وائس چانسلر نے خطاب کرتے ہوئے طلبا کو مشورہ دیا کہ وہ مریضوں کو صبر سے سنیں، ان کی رازداری برقرار رکھیں اور مسکراتے چہرے سے ان کا علاج کریں۔

**احمد عظیم**

**پی آر او اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ**

**نئی دہلی**